# جمع ۔ آگے گِن کر

**استاد** : سلمٰی ! یہ دو پودے لو اور اپنے آنگن میں لگاؤ۔


**سلمٰی** : جی ضرور، میرے گھر کے آنگن میں پہلے ہی سے ۵ پودے لگے ہیں۔

**استاد** : بہت خوب، بچو ! اب سلمٰی کے آنگن میں کل کتنے پودے ہو جائیں گے ؟

شاہد کا گننا



۵ انگلیاں + ۲ انگلیاں




سات

رضیہ کا گننا



۲ انگلیاں + ۵ انگلیاں



سات


(رضیہ نے ۱، ۲، ۳ ... اس طرح سات انگلیاں گنیں تو شاہد نے ۵ کے آگے ۶، ۷ اس طرح دو ہی انگلیاں گنیں)

**استاد** : دونوں کی جمع ایک جیسی اور صحیح ہے۔لیکن پہلے کس نے جمع کی ؟

**شاہد** : میں نے کی۔

**استاد** : اگر ۹ تیلیاں اور ۳ تیلیوں کی جمع کرنے کے لیے ان کو اکٹھا کیا جائے اور گنا جائے تو جواب کیا آئے گا؟

**رضیہ** : اس کا جواب ۱۲ تیلیاں ! میں نے ۱ سے ۱۲ تک گنا۔



**استاد** : مگر ۹ کے آگے ۱۰، ۱۱، ۱۲ اس طرح گننے پر بھی جواب ۱۲ آتا ہے۔یہاں ۹ تیلیاں اپنے پاس ہیں ایسا سمجھ کر زائد تیلیاں ایک کے بعد ایک گنیں۔

**شاہد** : ہمارے پاس ۳ تیلیاں ہیں۔ ۹ تیلیاں نئی ملنے پر ۳ سے آگے ۹ گننے سے جواب ۱۲ آتا ہے لیکن ۳ سے آگے ۹ گننے کی بجائے ۹ سے آگے ۳ گننا آسان ہے !

**آگے گن کر جمع کرو۔**

۲۳ + ۴، ۱۹ + ۵، ۳۸ + ۵، ۳ + ۲۵

دیے ہوئے چوکون میں ۱ سے ۵۰ تک عددوں کو ترتیب سے لکھو۔ دیکھو اب تمھاری خود کی ناپ پٹی تیار ہوگئی۔ اس کا استعمال جمع کرنے کے لیے کرو۔

۸ اور ۹ کی جمع کرنے کے لیے ۸ کے ہندسے پر انگلی رکھو۔

اس کے آگے ۹ خانے گنو۔ ۱۷ کا عدد ملا کیا؟ یعنی ۸ اور ۹ کی جمع ۱۷ ہوئی۔

- آگے گن کر جمع کرو۔
- رضیہ کے پاس ۱۸ املی کے بیج اور شاہد کے پاس ۷ املی کے بیج ہوں تو دونوں کے پاس کل ملا کر کتنے بیج ہوئے ؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| کیا دیا گیا ہے؟ | رضیہ اور شاہد کے بیج | | رضیہ کے بیج |
| کیا پوچھا گیا ہے؟ | کل بیج | + | شاہد کے بیج |
| کیا کرنا ہے؟ | جمع | | کل بیج |

- آنند کے پاس ۲۷ اسٹیکر ہیں۔ اس نے مزید ۵ اسٹیکر خریدے۔ تو اب اس کے پاس کتنے اسٹیکر ہوئے ؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| کیا دیا گیا ہے؟ | ............ | | ________ |
| کیا پوچھا گیا ہے؟ | ............ | + | ________ |
| کیا کرنا ہے؟ | ............ | | ________ |

- آگے گن کر جمع کرو۔

| | |
|---|---|
| ۴ | ۱ |
| + | ۹ |
| | |

| | |
|---|---|
| ۵ | ۴ |
| + | ۸ |
| | |

| | |
|---|---|
| ۶ | ۲ |
| + | ۳ |
| | |

| | |
|---|---|
| ۱ | ۵ |
| + | ۴ |
| | |

| | |
|---|---|
| ۱ | ۲ |
| + | ۵ |
| | |

۶۷ + ۳ = ☐    ۸ + ☐ = ۱۴    ۲۷ + ۸ = ☐

۴۹ + ۲ = ☐    ۵۴ + ۹ = ☐    ☐ + ۹ = ۱۲

W78AK1